امریکہ کا یومِ آزادی

ایک شہری و سماجی تقریب

امریکہ میں آزادی کا جشن ۴ جولائی کو منایا جاتا ہے۔ وہ دن پورے ملک میں حب الوطنی کے جذبات کے مظاہرہ اور خاکی تقریبات کا دن ہوتا ہے۔ قوم کے بانیوں میں سے ایک جان ایڈمس کی زبان میں ''یہ ایک عظیم سالگرہ تقریب ہے۔ اسے نجات کے دن کے طور پر منانے کی ضرورت ہے۔ اسے آج کے دور سے ہمیشہ کیلئے اور اس براعظم کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک' تزک و احتشام اور نمائش کے ساتھ منانا چاہئے۔ اس موقعہ پر شو بھی ہونا چاہئے، گیمز اور اسپورٹس بھی، بندوقیں، گھنٹیاں، آگ کے لپکتے ہوئے شعلے، اور چراغاں بھی۔''

یہ چھٹی ایک اہم شہری واقعہ ہے، جس کی جڑیں سیاسی آزادی کی اینگلو امریکی روایت میں اتری ہوئی ہیں۔

۴ جولائی کو دہلی کے امریکن سینٹر میں یوم آزادی کی تقریب تزک و احتشام کے ساتھ منائی گئی جس میں مختلف شعبہ حیات سے وابستہ سینکڑوں لوگوں اور طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ تقریری' پینٹنگ اور بک مارک بنانے کے مقابلے منعقد ہوئے اور امریکہ کے سفیر ڈیوڈ سی ملفورڈ نے کامیاب طلبہ و طالبات کو انعامات تقسیم کئے۔

اوپر: امریکن سینٹر' نئی دہلی میں یوم آزادی کی تقریب میں شریک افراد۔
دور بائیں اوپر: بائیں سے اول پینٹنگ میں اول انعام کے حقدار آکاش سوری۔
دور بائیں نیچے: بک مارک مقابلے میں اول آئے سورابھی گپتا۔
بائیں: بک مارک مقابلے میں شریک طلبہ و طالبات۔